سوال

(180) کیا امام ابو حنیفہ تابعی نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام ابو حنیفہ کو بہت سے علماء تابعی کہتے ہیں۔ مگر مولانا نزیر حسین دیلوی نے لکھا ہے کہ تابعی ہونا ان کا ثابت نہیں۔ یہ کیا بات ہے۔؟۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

تابعی کی تعریف یہ ہے کہ جس نے باایمان صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا اس طرح کا دیکھنا ثابت نہیں۔ جن لوگوں نے کہا وہ اس بنا پر کہا ہے کہ امام صاحب کے دور میں چند صحابہ رضوان اللہ عنہم اجمعین زندہ تھے۔ تو ملاقات ہوئی ہوگی یہ حسن ظن ہے۔ اس لئے حضرت میاں صاحب دہلوی نے جو لکھا ہے۔ وہ صحیح ہے۔

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص369

محدث فتویٰ